احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

پیر 12 ستمبر 2005ء

روزنامہ
C.P.L 29-FD   ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 12 ستمبر 2005ء 7 شعبان 1426 ہجری 12 تبوک 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 203

میں اللہ ہوں

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔ سب سے اولین کلمات جو اللہ تعالیٰ نے لکھے وہ یہ تھے کہ میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میری رحمت میرے غضب پر غالب ہے۔

(فردوس الاخبار جلد اول ص45 حدیث نمبر 1)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

شرک ایسی چیز ہے کہ جو انسان کو اس کے اصل مقصد سے ہٹا کر جہنم کا وارث بنا دیتا ہے۔ شرک کی کئی قسم ہیں۔ ایک تو وہ موٹا اور صریح شرک ہے جس میں ہندو، عیسائی یہود اور دوسرے بت پرست لوگ گرفتار ہیں جن میں کسی انسان یا پتھر یا اور بے جان چیزوں یا قوتوں یا خیالی دیویوں اور دیوتاؤں کو خدا بنا لیا گیا ہے؛ اگرچہ یہ شرک ابھی تک دنیا میں موجود ہے، لیکن یہ زمانہ روشنی اور تعلیم کا کچھ ایسا زمانہ ہے کہ عقلیں اس قسم کے شرک کو نفرت کی نگاہ سے دیکھنے لگ گئی ہیں۔ یہ جدا امر ہے کہ وہ قومی مذہب کی حیثیت سے بظاہر ان بے ہودگیوں کا اقرار کریں، لیکن دراصل بالطبع لوگ ان سے متنفر ہوتے جاتے ہیں، مگر ایک اور قسم کا شرک ہے جو مخفی طور پر زہر کی طرح اثر کر رہا ہے اور وہ اس زمانہ میں بہت بڑھتا جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ پر بھروسہ اور اعتماد بالکل نہیں رہا۔

ہم یہ ہرگز نہیں کہتے اور نہ ہمارا یہ مذہب ہے کہ اسباب کی رعایت بالکل نہ کی جاوے کیونکہ خدا تعالیٰ نے رعایت اسباب کی ترغیب دی ہے اور اس حد تک جہاں تک یہ رعایت ضروری ہے۔ اگر رعایت اسباب نہ کی جاوے تو انسانی قوتوں کی بے حرمتی کرنا اور خدا تعالیٰ کے ایک عظیم الشان فعل کی توہین کرنا ہے، کیونکہ ایسی حالت میں جبکہ بالکل رعایت اسباب کی نہ کی جاوے، ضروری ہوگا کہ تمام قوتوں کو جو اللہ تعالیٰ نے انسان کو عطا کی ہیں بالکل بے کار چھوڑ دیا جاوے اور ان سے کام نہ لیا جاوے۔ اور ان سے کام نہ لینا اور ان کو بے کار چھوڑ دینا خدا تعالیٰ کے فعل کو لغو اور عبث قرار دینا ہے۔ جو بہت بڑا گناہ ہے۔ پس ہمارا یہ منشاء اور مذہب ہرگز نہیں کہ اسباب کی رعایت بالکل ہی نہ کی جاوے، بلکہ رعایت اسباب اپنی حد تک ضروری ہے۔ آخرت کے لئے بھی اسباب ہی ہیں۔ خدا تعالیٰ کے احکام کی بجا آوری اور بدیوں سے بچنا اور دوسری نیکیوں کو اختیار کرنا اس لئے ہے کہ اس عالم اور دوسرے عالم میں سکھ ملے، تو گویا یہ نیکیاں اسباب کے قائم مقام ہیں۔

اسی طرح پر یہ بھی خدا تعالیٰ نے منع نہیں کیا کہ دنیوی ضرورتوں کے پورا کرنے کے لئے اسباب کو اختیار کیا جاوے۔ نوکری والا نوکری کرے۔ زمیندار اپنی زمینداری کے کاموں میں رہے۔ مزدور مزدوریاں کریں تا وہ اپنے عیال و اطفال اور دوسرے متعلقین اور اپنے نفس کے حقوق کو ادا کرسکیں۔ پس ایک جائز حد تک یہ سب درست ہے اور اس کو منع نہیں کیا جاتا، لیکن جب انسان حد سے تجاوز کر کے اسباب ہی پر پورا بھروسہ کرے اور سارا دار و مدار اسباب پر ہی جا ٹھہرے تو وہ شرک ہے جو انسان کو اس کے اصل مقصد سے دور پھینک دیتا ہے۔

(ملفوظات جلد دوم ص 56)

جلسہ سالانہ سویڈن سے حضور انور کے خطابات

جلسہ سالانہ سکنڈے نیوین ممالک (سویڈن، ڈنمارک، ناروے) مورخہ 18,17,16 ستمبر 2005ء بروز جمعہ، ہفتہ اور اتوار گوٹن برگ سویڈن میں ہو رہا ہے۔ اس جلسہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطابات پاکستانی وقت کے مطابق درج ذیل پروگرام کے مطابق براہ راست ایم ٹی اے پر نشر ہوں گے۔ احباب استفادہ فرمائیں۔

16 ستمبر

4:00 بجے سہ پہر   خطبہ جمعہ اور تقریب پرچم کشائی

17 ستمبر

3:00 بجے سہ پہر   لجنہ سے خطاب

18 ستمبر

6:45 شام   اختتامی خطاب

(نظارت اشاعت)

بابرکت تقریب نکاح

☆ محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں تحریر کرتے ہیں کہ پیارے آقا سیدنا حضرت امام جماعت خامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے از راہ شفقت مورخہ یکم اگست 2005ء کو ٹلفورڈ اسلام آباد یو۔ کے میں مکرمہ عطیۃ العزیز خدیجہ صاحبہ بنت مکرم فاروق احمد خاں صاحب لاہور کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرم محمد محمود الحسن طارق صاحب نوری ابن مکرم میجر جنرل ڈاکٹر محمد مسعود الحسن نوری صاحب فرمایا۔

(باقی صفحہ 12 پر)

درخواست دعا

☆ محترم ملک خالد مسعود صاحب صدر مجلس کارپرداز کے دل کا بائی پاس آپریشن مورخہ 5 ستمبر 2005ء کو آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی راولپنڈی میں کامیابی کے ساتھ ہو گیا ہے۔ ان کی طبیعت اب اچھی ہے۔ احباب جماعت دعا کریں اللہ تعالیٰ اس خادم سلسلہ کو صحت والی لمبی عمر عطا فرمائے اور آپریشن کے بعد کی جملہ پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

مشعل راہ

غیبت سے معاشرہ اور نظام بھی متاثر ہوتا ہے

حضرت امام جماعت خامس فرماتے ہیں۔

مجالس کی امانتیں ہیں۔ کسی مجلس میں اگر آپ کو دوست سمجھ کر، اپنا سمجھ کر آپ کے سامنے باتیں کر دی جائیں تو ان باتوں کو باہر لوگوں میں کرنا بھی خیانت ہے۔ پھر مجالس میں کسی کے عیب دیکھیں، کسی کی کوئی کمزوری دیکھیں تو اس کو باہر پھیلانا کسی طرح بھی مناسب نہیں۔ جب کہ کسی اور شخص کو بتانا جس کا اس مجلس سے تعلق نہ ہو یہ بھی خیانت ہے۔ ایک بات اور واضح ہو اور ہر وقت ذہن میں رکھنی چاہئے کہ اگر کسی مجلس میں نظام کے خلاف یا نظام کے کسی کارکن کے خلاف باتیں ہو رہی ہوں تو اس کو پہلے تو وہیں بات کرنے والے کو سمجھا کر اس بات کو ختم کر دینا زیادہ مناسب ہے اور وہیں اصلاح کی کوشش کرنی چاہئے۔ اگر اصلاح کی کوئی صورت نہ ہو تو پھر بالا افسران تک اطلاع کرنی چاہئے۔ لیکن بعض دفعہ بعض کارکن بھی اس میں Involve ہو جاتے ہیں۔ پتہ نہیں آج کل کے حالات کی وجہ سے مردوں کے اعصاب پر بھی زیادہ اثر ہو جاتا ہے یا مردوں کو بھی بلا سوچے سمجھے عورتوں کی طرح باتیں کرنے کی عادت پڑ گئی ہے۔ اس میں بعض اوقات اچھے بھلے سلجھے ہوئے کارکن بھی شامل ہو جاتے ہیں اور ایسی باتیں کر جاتے ہیں جو وہاں بیٹھے ہوئے لوگوں پر منفی اثر ڈال سکتی ہے اور اس طرح غیر محسوس طور پر ایک کارکن دوسرے کارکن کے متعلق بات کرکے یا ایک عہدیدار دوسرے بالا عہدیدار کے متعلق بات کرکے یا اپنے سے کم عہدیدار کے متعلق بات کرکے، لوگوں کے لئے فتنے کا موجب بن رہا ہوتا ہے۔ کمزور طبیعت والے ایسی باتوں کا خواہ وہ چھوٹی باتیں ہی ہوں، برا اثر لیتے ہیں۔ اور ایسے کارکنوں کو بھی جو اپنے ساتھی عہدیداران کے متعلق باتیں کرنے کی عادت پڑ جائے تو منافق بھی اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور نظام بھی متاثر ہوتا ہے۔ اس لئے تمام کارکنان اور عہدیداران کو جو ایسی باتیں خواہ مذاق کے رنگ میں ہوں کرتے ہیں ان کو اپنے عہدوں اور اپنے مقام کی وجہ سے ایسی باتیں کرنے سے پرہیز کرنا چاہئے۔ اور ایسی مجلسوں میں بیٹھنے والوں کے لئے یہاں اجازت ہے۔ اب ویسے تو مجلس کی باتیں امانت ہیں باہر نہیں نکلنی چاہئیں لیکن اگر نظام کے خلاف باتیں ہو رہی ہوں تو یہاں اجازت ہے کہ چاہے وہ اگر نظام کے متعلق ہے یا نظام کے کسی عہدیدار کے متعلق ہیں اور اس سے یہ تاثر پیدا ہو رہا ہے کہ اس میں کئی اعتراض کے پہلو ابھر سکتے ہیں، نکل سکتے ہیں تو اس کو افسران بالا تک پہنچانا چاہئے۔ اور ایک حدیث میں اس کی اس طرح اجازت ہے کہ حضرت جابرؓ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجالس کی گفتگو امانت ہے سوائے تین مجالس کے۔ ایسی مجلس جہاں ناحق خون بہانے والوں کے باہمی مشورہ کی مجلس ہو۔ پھر وہ مجلس جس میں بدکاری کا منصوبہ بنے۔ اور پھر وہ مجلس جس میں کسی کا مال ناحق دبانے کا منصوبہ بنایا جائے۔ تو جہاں ایسی سازشیں ہو رہی ہوں جن سے کسی کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو، ایسی باتیں سن کر متعلقہ لوگوں تک یا افسران تک پہنچانا یہ امانت ہے۔ ان کو نہ پہنچانا خیانت ہو جائے گی۔ تو نظام کے متعلق جو باتیں ہیں وہ بھی اسی زمرہ میں آتی ہیں کہ اگر کوئی نظام کے خلاف بات کر رہا ہو اور بالا افسران تک نہ پہنچائیں۔ پھر بعض دفعہ عہدیداران کے خلاف شکایات پیدا ہوتی ہیں تو بعض اوقات یہ صرف غلط فہمی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ یا بعض دفعہ کسی نے اپنے ذاتی بغض کی وجہ سے کسی عہدیدار کے ساتھ اپنے ماحول میں بھی لوگ اس عہدیدار کے خلاف باتیں کرکے لوگوں کو اس کے خلاف کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسی صورت میں بھی آپ کو چاہئے کہ امانتیں ان کے صحیح حقداروں تک پہنچائیں۔ یعنی یہ باتیں بالا افسران تک، عہدیداران تک، نظام تک پہنچائیں۔ لیکن تب بھی یہ کوئی حق نہیں پہنچتا بہر حال کہ ادھر ادھر بیٹھ کر باتیں کی جائیں۔ بلکہ جس کے خلاف بات ہو رہی ہے مناسب تو یہی ہے کہ اگر آپ کی اس عہدیدار تک پہنچ ہے تو اس تک بات پہنچائی جائے کہ تمہارے خلاف یہ باتیں سننے میں آ رہی ہیں۔ اگر صحیح ہیں تو اصلاح کر لو اور اگر غلط ہے تو جو بھی صفائی کا طریقہ اختیار کرنا چاہتے ہو کرو۔ پھر کسی کی پیٹھ پیچھے باتیں کرنے والوں کو ہمیشہ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ وہ باتیں صحیح ہیں یا غلط یہ غیبت یا جھوٹ کے زمرے میں آتی ہیں۔ اور غیبت کرنے والوں کو اس حدیث کو یاد رکھنا چاہئے کہ اگلے جہان میں ان کے ناخن تانبے کے ہو جائیں گے جس سے وہ اپنے چہرے اور سینے کا گوشت نوچ رہے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس سے محفوظ رکھے۔

(الفضل 9 دسمبر 2003ء)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سیکرٹریان تعلیم متوجہ ہوں

❁ سیکرٹریان تعلیم سے خاص طور پر درخواست ہے کہ وہ سیکرٹریان وقف نو سے مستقل رابطہ رکھیں اور وقف نو بچوں اور بچیوں کے حوالہ سے جو تعلیمی مسائل سامنے آ رہے ہیں ان کو نظارت تعلیم کی طرف سے دی گئی ہدایات کی روشنی میں حل کریں اور انفرادی رابطہ ضرور رکھیں۔

❁ نظارت تعلیم کی طرف سے شائع کئے جانے والے اعلانات اور مضامین کا مستقل ریکارڈ رکھا جائے اور زیادہ سے زیادہ طلباء وطالبات میں ان معلومات کو پھیلانے کی کوشش کی جائے تاکہ یہ طلبہ بھی بروقت ان سے فائدہ اٹھا کر مستقبل کیلئے بہتر Planning کر سکیں۔

❁ نظارت تعلیم کی طرف سے تمام سیکرٹریان تعلیم اضلاع کو ماہوار رپورٹ فارم کا نمونہ ارسال کیا جا چکا ہے اس سلسلہ میں درخواست ہے کہ یہ رپورٹ ہر ماہ باقاعدگی سے مقررہ فارم پر ارسال کرنا بہت ضروری ہے تاکہ تازہ ترین تعلیمی صورت حال معلوم ہو سکے اور اس کے مطابق مل جل کر طلباء وطالبات کے تعلیمی مسائل حل کئے جا سکیں۔

❁ تمام سیکرٹریان تعلیم سے درخواست ہے کہ وہ ان طلباء وطالبات کیلئے خاص طور پر دعا کریں جو پروفیشنل اداروں میں داخلے کیلئے کوشش کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کو نمایاں کامیابی عطا فرمائے اور اپنے خاندان اور جماعت کیلئے نیک وجود ثابت کرے۔ آمین

(نظارت تعلیم)

سانحہ ارتحال

❁ مکرم محمد فہیم ملک صاحب تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بہنوئی مکرم الطاف احمد گوندل صاحب ولد مکرم میاں محمد شفیع صاحب گوندل حرکت قلب بند ہونے سے مورخہ 28۔ اگست 2005ء کو وفات پا گئے۔ مرحوم نے اپنی یادگار مکرمہ بشریٰ حیات صاحبہ بنت مکرم ملک محمد مستقیم صاحب ایڈووکیٹ ساہیوال، بیٹا بلال احمد امریکہ۔ پانچ بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ بیٹا اور دو بیٹیاں ابھی غیر شادی شدہ ہیں۔ مرحوم کی تدفین سیالکوٹ کینٹ قبرستان میں ہوئی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام لواحقین کا حامی و ناصر ہو اور انہیں صبر جمیل عطا فرمائے

درخواست دعا

❁ مکرم رانا نصیر احمد خاں صاحب عقب فضل عمر ہسپتال ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میری اہلیہ مکرمہ شائستہ نصیر صاحبہ بلڈ پریشر اور شوگر کی وجہ سے بیمار ہیں۔ کافی علاج کروایا ہے مگر کچھ افاقہ نہیں ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مریضہ کو صحت کاملہ وعاجلہ عطا کرے۔

❁ مکرمہ منورہ صدیق صاحبہ نصیر آباد سلطان ربوہ تحریر کرتی ہیں کہ میری بیٹی مکرمہ عزیزہ صدیق صاحبہ بنت جسٹس مکرم محمد صدیق کھرل صاحب مرحوم نے 710/1100 نمبر حاصل کرکے F.Sc کا امتحان پاس کیا ہے اور ICs گروپ میں گورنمنٹ جامعہ نصرت میں دوسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ موصوفہ مکرم تھے خاں صاحب مرحوم آف گوٹھ تھے خان کی پوتی اور مکرم بشیر احمد صاحب مرحوم آف جھنگ کی نواسی ہے۔ اور جامعہ نصرت ربوہ میں B.Sc کی طالبہ ہے احباب سے درخواست ہے کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس کی اس کامیابی کو مستقبل میں اعلیٰ کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

❁ مکرم ناصر احمد صاحب کارکن دفتر الفضل تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کھانسی، نزلہ زکام اور لو بلڈ پریشر کی وجہ سے علیل ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔

❁ مکرم ناظم الدین صاحب زعیم اعلیٰ انصار اللہ بیت الاحد لاہور کا پوتا اور مکرم زبیر احمد صاحب علامہ اقبال ٹاؤن کا بیٹا چھت سے گر گیا ہے چوٹیں آئی ہیں احباب سے شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے درخواست دعا ہے۔

❁ محترمہ عابدہ بیگم صاحبہ دختر مکرم مرزا محمد اسحاق بیگ صاحب پی سی ایس آئی آر لاہور نے آنکھوں کا آپریشن کروایا ہے احباب سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے درخواست دعا ہے۔

❁ مکرم مرزا منیر اللہ بیگ صاحب علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے بیٹے مکرم مرزا قیصر بیگ صاحب کا لندن کے ایک ہسپتال میں پیٹ کا آپریشن ہوا ہے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے درخواست دعا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی راہ میں دیئے گئے صدقات غریبوں اور ضرورت مندوں کیلئے خرچ ہوتے ہیں۔ یہ صدقات اللہ تعالیٰ کے رحم اور فضل کو جذب کرتے ہیں اور آنے والی مصیبت کو ٹال دیتے ہیں۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

کامیاب تجارت کے راز، چند مفید مشورے

ہاتھ کی محنت، دستکاری اور صاف ستھری تجارت بہترین ذریعہ معاش ہے (حدیث نبویؐ)

ابتدا سے انسان رہن سہن اور ضروریات زندگی کے حصول کے لئے ایک دوسرے کے تعاون کا محتاج رہا ہے جیسے جیسے انسان شعور میں ترقی کرتا چلا گیا اس کا معیار زندگی بھی بڑھتا گیا جس کے حصول کے لئے اس نے کئی آمدنی کے ذرائع اختیار کئے ان میں نمایاں ذریعہ تجارت بنا۔ موجودہ دور سائنس اور جدید ٹیکنالوجی کا دور ہے دنیا سمٹ کر ایک گلوبل ولیج اور ایک عالمی مارکیٹ کی شکل اختیار کر چکی ہے اس دور میں تجارت کی اہمیت اور بڑھ گئی ہے۔ ترقی پذیر ممالک ہوں یا ترقی یافتہ ممالک انہیں اپنی اپنی ضروریات زندگی کو پورا کرنے کے لئے دنیا کے مختلف ممالک سے اشیاء درآمد کرنی پڑتی ہیں یہ بھی خدائے بزرگ و برتر کا احسان ہے کہ اس نے اپنی نعمتوں کو ساری دنیا میں اس طرح بانٹا ہے کہ اگر غریب ممالک کچھ چیزوں کے لئے امیر ممالک کی طرف دیکھتے ہیں تو امیر ممالک کو بھی کچھ چیزوں کے لئے غریب ممالک طرف دیکھنا پڑتا ہے۔ اگر خدا تعالیٰ نے نعمتوں کی تقسیم یوں نہ کی ہوتی تو غریب ممالک کو کون پوچھتا؟ جس طرح ممالک ایک دوسرے پر انحصار کرتے ہیں اسی طرح افراد بھی ایک دوسرے کے محتاج ہیں۔ اسی وجہ سے تجارت کو فروغ حاصل ہوا۔ تجارت مختلف ممالک کے درمیان ہو یا ایک ہی علاقہ یا ملک کے اداروں یا اشخاص کے درمیان اس کے بنیادی اصول تقریباً یکساں ہی ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ انسانی ضروریات کو باہمی لین دین کے ذریعہ سے کس طرح کامیاب اور مؤثر انداز میں پورا کیا جائے اور کن اصولوں کو اپنا کر تجارت کو کامیابی سے ہمکنار کیا جائے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ کسی بھی کاروبار یا تجارت کو شروع کرنے سے قبل اس کے تمام پہلوؤں کا بغور جائزہ لیا جائے کہ اس کاروبار کی اہمیت و افادیت کیا ہے؟ سرمایہ کتنا درکار ہوگا؟ ممکنہ فائدہ اور نقصان دونوں کو اچھی طرح دیکھا جائے کاروباری مقاصد کے لئے جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھایا جائے اور نئے رجحانات بھی مدنظر رہیں تا کہ کامیابی کا حصول ممکن ہو سکے۔ اسی طرح قابلیت کے حامل افراد کی خدمات حاصل کی جائیں تا کہ تجارت کی کامیابی کا حصول ممکن ہو سکے۔

اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی بہت ضروری ہے کہ دین نے تجارت کامیابی سے کرنے کے لئے جو راہ نما اصول پیش کئے ہیں ان کو مدنظر رکھیں۔ آقائے دو جہاں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا اسوۂ حسنہ بحیثیت ایک تاجر تمام تجار کے لئے مشعل راہ ہے۔ آپؐ نے تجارت کو پسند فرمایا جیسا کہ حضرت رافع بن خدیجؓ سے مروی حدیث ہے۔ کسی نے آنحضور ﷺ سے پوچھا کہ کون سا ذریعہ معاش بہتر ہے تو آپؐ نے فرمایا:۔

''ہاتھ کی محنت، دستکاری اور صاف ستھری تجارت''

اس فرمان نبوی ﷺ میں ہی کامیاب تجارت کا بنیادی راز مضمر ہے یعنی صاف ستھری تجارت، ایسی تجارت جس میں جھوٹ نہ ہو جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

یعنی ہمیشہ سیدھی اور صاف بات کہو۔ بہت ممکن ہے یہاں یہ سوال اٹھایا جائے کہ موجودہ دور میں تجارت سیدھے صاف طریقے سے نہیں ہو سکتی اس سوال کے جواب کے لئے چودہ سو سال پیچھے زمانۂ جاہلیت میں جانا ہوگا جب معاشرہ ہر قسم کی برائیوں کی آماجگاہ تھا اس زمانہ میں ہادیٔ برحق ﷺ سچائی اور دیانتداری کا اصول اپنائے حضرت خدیجہؓ کا مال تجارت لے کر جاتے ہیں اور کوئی دھوکا، کوئی فریب اور کوئی زائد ہوشیاری اختیار نہیں کی جاتی۔ آپؐ سیدھی اور صاف تجارت کرتے ہیں اور ہمیشہ سے زیادہ فائدہ حاصل کر کے واپس لوٹتے ہیں۔ حضرت خدیجہؓ کے خادم خاص سارے واقعات من وعن بیان کرتے ہیں۔ اس طرح حضرت خدیجہؓ کی نظر میں آنحضور ﷺ کا مقام و مرتبہ اور عزت و وقار اور بلند ہو جاتا ہے۔ آج کا دور تو علوم وفنون اور شعور و آگہی کا دور ہے۔ کیا آج دین حق کا یہ بہترین اصول تجارت کی کامیابی کے لئے اختیار نہیں کیا جا سکتا؟ بلاشبہ آج بھی یہی اصول کامیاب تجارت کا راز ثابت ہو سکتا ہے۔

حضرت امام جماعت خامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے افریقی ممالک کے دورہ کے دوران مختلف مواقع پر خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ احمدی تاجر سچائی کو اختیار کریں۔ حضرت ابو سعید خدریؓ سے حدیث نبویؐ مروی ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا:۔

''سچا اور دیانتدار تاجر نبیوں، صدیقوں اور شہیدوں کی معیت کا حقدار ہوگا۔

اسی طرح آپؐ نے فرمایا:۔

''سچا .... تاجر بروز قیامت شہداء میں شامل سمجھا جائے گا۔''

دینی تعلیمات کے مطابق سچائی کے بعد دیانتداری تجارت کی کامیابی میں نمایاں کردار ادا کرتی ہے۔ دیانتداری سے تجارت برکتوں سے لبریز ہو جاتی ہے جبکہ بددیانتی سے برکت اٹھ جاتی ہے جیسا کہ ارشاد نبوی ﷺ ہے۔

خرید و فروخت کرنے والے جب تک ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں انہیں اختیار ہے کہ وہ سودا فسخ کر دیں اور اگر خرید و فروخت کرنے والے سچ بولیں اور اگر کوئی عیب یا نقص ہے تو اسے بیان کر دیں تو اللہ تعالیٰ ان کے اس سودے میں برکت ڈال دے گا اور اگر وہ دونوں جھوٹ سے کام لیں عیب کو چھپائیں یا ہیرا پھیری سے کام لیں گے تو اس سودے سے برکت نکل جائے گی۔

دھوکا اور ملاوٹ سے اجتناب کیا جائے جتنا معیار اور مقدار بہتر ہوگی اتنی تجارت کامیاب ہوگی۔ خواہ تجارت دو افراد کے درمیان ہے یا آپ بین الاقوامی تجارت کر رہے ہیں۔ معیار اور مقدار کو کبھی ناقص نہ ہونے دیں۔ ناپ تول صحیح ہو اور معیاری اشیاء ہوں تو تاجر کی ساکھ مضبوط ہوگی، اعتماد بڑھے گا ورنہ دو افراد کے درمیان بھی تجارت ناکام ہو جائے گی۔ جب بھی اس اصول کو مدنظر نہیں رکھا گیا تو بین الاقوامی تجارت کے معاہدے بھی منسوخ ہو گئے اور کروڑوں کے نقصان اٹھانے پڑے۔

معروف حدیث نبوی ﷺ ہے۔ من غش فلیس منا۔ جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں۔ بہت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آجکل تجارت میں نمبر 2 کوالٹی بہت کردار ادا کر رہی ہے۔ حیران کن بات تو یہ ہے کہ انسانی جانوں کو بچانے کا کام دینے والی ادویات بھی اس سے بچ نہیں سکیں۔ نمبر 2 کا تصور تجارت سے نکال دینا چاہیئے۔ اگر ایک انسان پیسہ خرچ کرتا ہے تو یہ اس کا جائز حق ہے کہ اس کو معیاری اشیاء ملیں۔

تجارت میں ذخیرہ اندوزی سے بھی بچنا چاہیئے۔ اسی طرح حضرت محمد ﷺ نے اس بات سے بھی منع فرمایا ہے کہ قیمتیں بڑھانے کے لئے ناجائز بولی لگائی جائے اور آپؐ نے سود پر سودا کرنے سے بھی روکا۔ اس بات کو بھی ناپسند فرمایا کہ کوئی شہر کا رہنے والا دلال بن کر دیہات سے تجارتی سامان لانے والے کا سودا بیچے۔

آپ ﷺ کا ارشاد ہے:۔

تجارتی سامان لانے والے قافلے کو آگے جا کر نہ ملو یعنی سامان مارکیٹ میں پہنچنے سے پہلے ہی نہ خرید لو بلکہ اس تجارتی سامان کو بازار میں آنے دو تا کہ قیمتوں میں اعتدال رہے۔ قیمتوں کا تعین کرنا بھی بہت ضروری ہے عمرہ کے موقعہ پر قیلہ نامی تاجر عورت آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ میرا خریدنے کا طریقہ یہ ہے کہ چیز کی پہلے بہت کم قیمت بتاتی ہوں پھر آہستہ آہستہ قیمت زیادہ کرتی جاتی ہوں اور جس قیمت پر خریدنی مقصود ہو اس پر مال خرید لیتی ہوں۔ اسی طرح جو چیز فروخت کرنی ہوتی ہے پہلے اس کے دام بہت زیادہ بتاتی ہوں پھر آہستہ آہستہ دام کم کرتی ہوں اور پھر جس قیمت پر مال فروخت کرنا مقصود ہو اس پر مال فروخت کر دیتی ہوں۔ یہ سن کر آپؐ نے فرمایا:۔

اے قیلہ! اس طرح نہ کیا کرو بلکہ قیمت مقرر ہونی چاہئے۔ جس قیمت پر خریدنا ہو وہ صحیح قیمت بتا دو اگر اس نے اس قیمت پر دینا ہو تو دے دیوے اور اگر نہ دینا ہو تو نہ دے۔ اسی طرح فروخت کرتے وقت اصل قیمت بتاؤ اگر کسی نے لینی ہو تو لے ورنہ اس کی مرضی۔ اس طرح اعتبار بھی قائم ہوگا اور وقت بھی ضائع نہ ہوگا۔

تجارتی لین دین کو باقاعدہ تحریر میں لایا جائے اور اس پر گواہ ٹھہرائے جائیں یہ عین قرآنی تعلیمات کے مطابق ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

خواہ چھوٹا لین دین ہو یا بڑا ہو تم اسے اس کی میعاد سمیت لکھنے میں سستی نہ کیا کرو یہ بات اللہ کے نزدیک انصاف والی ہے اور شہادت کو زیادہ درست رکھنے والی ہے نیز تمہارے لئے اس بات کو قریب تر کر دینے والی ہے کہ تم شک میں نہ پڑو۔ پس لین دین کا لکھنا ضروری ہے سوائے اس صورت کے کہ تجارت دست بدست ہو جسے تم آپس میں مال اور رقم لے دے کر اسی وقت قصہ ختم کر لیتے ہو اس صورت میں اس لین دین کے نہ لکھنے پر کوئی گناہ نہیں اور جب باہم خرید و فروخت کرو تو گواہ بنا لیا کرو۔

(سورۃ البقرہ آیت نمبر 283)

کامیاب تجارت کے لئے بعض مفید مشورے

☆ کامیاب تجارت کے لئے ضروری ہے کہ اس کا تمام ریکارڈ رکھا جائے تا کہ فریقین مطمئن ہوں اور کوئی بدمزگی بھی نہ ہو۔

☆ تجارت کو کامیاب بنانے کے لئے کبھی بھی ملکی یا بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ یہ آپ کا اخلاقی فرض بھی ہے اور قانونی ذمہ داری بھی۔ اپنے آپ کو تجارتی ضابطوں کا پابند بنائیں تا کہ ایک ذمہ دار شہری کا ثبوت دے سکیں۔

☆ تجارت کو کامیاب بنانے کے لئے ہمیشہ جائز ذرائع استعمال کریں۔ ناجائز ذرائع سے دولت کمانے کی اجازت نہ ہی ملکی قوانین دیتے ہیں اور نہ ہی ہمارا دین۔ مثلاً آجکل بہت سی چیزوں کی سمگلنگ ہو رہی ہے اپنا دامن ایسے کاموں سے آلودہ نہ ہونے دیں۔ کبھی بھی اپنے پر آنچ نہ آنے دیں۔ اپنے وقار، اپنی ساکھ اور اپنے نام کا ہمیشہ بھرم رکھیں اور اس کی حفاظت کریں۔

☆ ایسی اشیاء کی تجارت نہ کی جائے جو مضر صحت ہوں مثلاً شراب، نشہ آور اشیاء جعلی ادویات اور ایسی اشیائے خورونوش جن کا معیار ناقص ہو اور ان کو ملاوٹ سے غیر معیاری بنا دیا گیا ہو۔ تجارت صاف ستھری رکھیں یہی آپ کی کامیابی کی ضامن ہوگی۔

☆ بعض کاروباری ادارے اور تاجر حضرات

مارکیٹ میں قدم جمانے کے لئے لاگت سے کم پر اشیاء مارکیٹ میں فراہم کردیتے ہیں جس سے دوسرے کاروباری حضرات کے کاروبار متاثر ہوتے ہیں اور قیمتیں بھی اعتدال میں نہیں رہتیں یہ بھی مارکیٹ میں قدم جمانے کا غلط طریقہ ہے معیاری اشیاء لے کر میدان میں اتریں اور مارکیٹ میں نام پیدا کریں۔

☆سامان تجارت کو لاٹری کی صورت میں فروخت کرنا بھی غلط طریقہ ہے۔ اسی طرح ہنڈی کے ذریعہ کاروبار کرنا بھی غیر قانونی ہے۔ ایسے کسی بھی طریقہ کو اختیار نہ کریں۔ یہ آپ کے وقار کو نقصان پہنچائیں گے۔

☆کسی بھی مجبور شخص کو سامان یا گھر یا دکان کو کم قیمت پر بیچنے کے لئے مجبور نہ کریں۔ یہ سراسر کسی مجبور کی مجبوری سے ناجائز فائدہ اٹھانا ہے اور پھر ایسے شخص کے مال، گھر یا دکان کو مہنگے داموں فروخت کر کے دولت اکٹھی کرنا مناسب نہیں۔ دین تو ہمیں مجبور، بے بس لوگوں کو مشکلات سے نکالنے کی تعلیم دیتا ہے۔

☆کاروبار اور تجارت کرتے وقت خدائے بزرگ و برتر ہستی کو ہمیشہ یاد رکھیں تجارت کو بابرگ و بار کرنے والی ذات تو صرف اور صرف خدا کی ذات ہے جو تمام خزانوں کا مالک ہے تمام نعمتیں، تمام فضل اور تمام برکتوں کا سرچشمہ خدا کی ہی ذات ہے۔ اس لئے اس کے آستانہ پر ضرور جھکیں کہ وہی عطا کرنے والا ہے اور وہی نوازنے والا۔

☆ارشاد باری تعالیٰ ہے:۔

کچھ مرد، جن کو اللہ کے ذکر سے اور نماز کے قائم کرنے سے اور زکوٰۃ دینے سے نہ تجارت اور نہ سودا بیچنا غافل کرتا ہے وہ اس دن سے ڈرتے ہیں جس میں دل الٹ جائیں گے اور آنکھیں پلٹ جائیں گی نتیجہ یہ ہوگا کہ اللہ ان کو ان کے اعمال کی بہتر سے بہتر جزا دے گا اور ان کو اپنے فضل سے (مال و اولاد میں) بڑھا دے گا۔ اور اللہ جس کو چاہتا ہے بغیر حساب کے رزق دیتا ہے۔

ارشاد ہوتا ہے:۔

جب تم کو جمعہ کی نماز کے لئے بلایا جائے تو اللہ کے ذکر کے لئے جلدی جلدی جایا کرو اور (خرید اور) فروخت کو چھوڑ دیا کرو، اگر تم کچھ بھی علم رکھتے ہو تو یہ تمہارے اچھی بات ہے اور جب نماز ختم ہو جائے تو زمین میں پھیل جایا کرو اور اللہ کا فضل تلاش کیا کرو اور اللہ کو بہت یاد کیا کرو تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ۔

قرآنی تعلیمات اس طرف واضح اشارہ کر رہی ہیں کہ اللہ کے در پر جھکنے والے فیض پاتے ہیں۔ اور ان کو بے حساب رزق دیا جاتا ہے اور خدا تعالیٰ ان کے رزق میں بے پایاں برکت ڈال دیتا ہے۔

جب اللہ تعالیٰ آپ کی تجارتوں کو پھل لگائے تو اس کی راہ میں خرچ کرنے کو کبھی فراموش نہ کریں اللہ کے دیئے رزق کو ضرورت مندوں پر بھی خرچ کریں تو خدا کا وعدہ ہے کہ وہ اس رزق میں کئی گنا اضافہ کر دے گا۔

جو لوگ اپنے مالوں کو اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان (کے اس فعل) کی حالت اس دانہ کی حالت کے مشابہ ہے جو سات بالیں اگائے اور ہر بالی میں سو دانہ ہو اور اللہ جس کے لئے چاہتا ہے اس سے بھی بڑھا بڑھا کر دیتا ہے اور اللہ وسعت دینے والا اور بہت جاننے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

وہ لوگ جو اللہ کی کتاب کو پڑھتے ہیں اور نماز (باجماعت) ادا کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خفیہ بھی اور ظاہر بھی خرچ کرتے ہیں۔ وہ درحقیقت ایسی تجارت کی جستجو میں لگے ہوئے ہیں جو کبھی تباہ نہیں ہوگی۔

ایک مارکیٹ سروے

اس مضمون کی تیاری کے سلسلہ میں ایک مارکیٹ سروے کیا گیا۔ کچھ ایسے کاروباری حضرات سے رابطہ کیا گیا جن کا تعلق درمیانے طبقہ سے ہے انہوں نے کم سرمائے سے کاروبار شروع کیا اور اپنے کاروبار کامیابی سے چلا رہے ہیں۔ کاروباری حلقوں میں وہ بڑی اچھی ساکھ کے حامل ہیں۔

☆کپڑے کا کاروبار کرنے والے ایک ادارے کا اصول ایک دام ایک زبان ہے وہ اس پر سختی سے کاربند ہیں۔

☆قالینوں کا کاروبار کرنے والے ایک تاجر کا مؤقف ہے کہ اچھا معیار گاہک کو ہماری دکان کی طرف لے آتا ہے۔

☆میڈیکل سٹور چلانے والی خاتون نے بتایا کہ ادویات میں نمبر 2 کوالٹی کی کوئی گنجائش نہیں۔ ادویات کا معیار میڈیکل سٹور کی کامیابی کی ضمانت ہے۔

☆ایک جنرل سٹور کے مالک نے اپنی کامیابی کا اصول سیدھی اور سچی بات کو قرار دیا۔

☆ایک بوتیک چلانے والی خاتون نے اپنی کامیابی کا راز یہ بتایا کہ وہ اپنے گاہکوں کی پسند و ناپسند اور ضروریات کو مدنظر رکھتی ہیں۔

☆کرسٹل شاپ (ڈیکوریشن) کے مالک نے صفائی کو اپنا اصول بتایا جس پر وہ سختی سے عمل پیرا ہیں اور اسی کو اپنی کامیابی کا راز بتاتے ہیں۔

تجارت کی اہمیت و افادیت مسلم ہے یہ افراد اور ممالک کے درمیان تعلقات اور رابطے بڑھانے کا بھی اہم ذریعہ ہے غرضیکہ ایک احمدی کے لئے صاف ستھری اور دیانتداری پر مبنی تجارت بالواسطہ خاموش اور مؤثر رنگ میں دعوت الی اللہ کا ذریعہ بھی بن سکتی ہے۔

(بقیہ صفحہ 6)

یہ مرض براہ راست دماغ پر بھی حملہ آور ہوتا ہے اور مریض کو مکمل طور پر پاگل کر دیتا ہے۔ سل کے پاگل میں تشدد کا رجحان پایا جاتا ہے۔ بعض دفعہ خاموش بھی ہوتا ہے۔ بعض دفعہ نحیف و نزار عورتیں جنہیں سل اندر ہی اندر کھوکھلا کر دیتی ہے پاگل ہو جائیں تو ان کے جسم میں بہت زیادہ طاقت آجاتی ہے۔ دماغ میں جوش پیدا ہو جاتا ہے اور وہ تشدد پر اتر آتی ہیں۔ حالانکہ عام حالات میں وہ بالکل خاموش طبع ہوتی ہیں۔ اگر ٹیوبر کولینم اونچی طاقت میں دی جائے تو یہ ایسے مریضوں کو پاگل پن سے بچاسکتی ہے۔'' (صفحہ: 798)

ہومیو ڈاکٹر مقبول احمد صدیقی صاحب

معیاری میڈیکل کیمپ کی بعض خصوصیات

تجربہ کار ڈاکٹرز

معیاری میڈیکل کیمپ کے لئے ضروری ہے کہ رجسٹرڈ تجربہ کار ڈاکٹرز کی خدمات حاصل کی جائیں تا کہ کسی بھی جگہ کوئی قانونی مسئلہ پیدا نہ ہو۔ اور غریب، نادار اور مستحق لوگوں کو بھی معیاری علاج میسر آ سکے۔

معیاری ادویہ کی فراہمی

معیاری میڈیکل کیمپ میں ادویہ بھی زیادہ اقسام میں ہونی چاہئیں۔ سیرپ اور گولیاں اگر بڑی پیکنگ میں خریدی گئی ہوں تو لازمی ہے کہ کسی اچھی اور معیاری کمپنی کی خریدیں، صحت عامہ نہایت اہم مسئلہ ہے۔

آگاہی صحت عامہ

اگر آپ خدمت خلق کے ساتھ ساتھ علم پھیلانے کا ثواب بھی حاصل کرنا چاہتے ہوں تو غریب اور نادار مریضوں کو آپ ان کی علمی سطح کے مطابق صحت کی ابتدائی اور عمومی تعلیم بھی اس طریقے سے دے سکتے ہیں جو کہ عین موسمی اور علاقائی لحاظ سے ہوتا کہ ان کی دلچسپی بھی برقرار رہے۔

آپ آسان اور عام فہم الفاظ پر مشتمل ایک یا دو صفحات کا فولڈر شائع یا فوٹوسٹیٹ کروالیں جس میں موسمی اور علاقائی لحاظ سے صحت کی عمومی تعلیم درج ہو مثلاً گرمی کا موسم ہو تو گرمی سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر، سردی کے موسم میں سردی سے بچنے کی تدابیر، اچھی غذاؤں اور مرض کے مطابق پھلوں، سبزیوں کی طرف رہنمائی جس علاقے میں گندا پانی یا مچھر ہو وہاں پیٹ کی امراض یا ملیریا سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر طبی آسان نسخے، شوگر اور بلڈ پریشر کے مریضوں کے لئے پرہیز کا چارٹ۔ جہاں ممکن ہو یہ پمفلٹ آپ مریضوں میں بانٹ دیں تا کہ مریضوں میں خود بھی صحت کے بارے میں شعور پیدا ہو۔

کمپوڈر یا ڈسپنسر

ڈاکٹر کے ساتھ ایک دو کمپوڈر یا ڈسپنسر بھی ہونے چاہئیں تا کہ تجویز کردہ ادویہ کو تیار کرنے اور اس کو پیش کرنے کا کام سرانجام دے سکیں اس طرح ڈاکٹر کو بھی موقع مل جائے گا کہ وہ کم وقت میں زیادہ سے زیادہ مریضوں کو دیکھ سکے۔

طبی معائنہ علیحدگی میں ہو

وہ کیمپ نہایت معیاری ثابت ہوسکتا ہے جس میں کیمپ کی جگہ پہنچتے ہی سب سے پہلے انتظام کر لیا جائے کہ ہر مریض کو فرداً فرداً علیحدگی میں چیک کیا جائے یا دوسرے لفظوں میں ڈاکٹر اور مریض دوسرے مریضوں سے چند فٹ کے فاصلے پر اس طرح بیٹھیں کہ ڈاکٹر اور مریض کی باتیں دوسرے مریض سن نہ پائیں۔

مناسب وقت اور مناسب مشورہ

مرض کی نوعیت کے مطابق ہر مریض کو وقت دینا چاہئے گہرے یا پیچیدہ امراض میں مریض کا سطحی معائنہ یا تشخیص نہ کی جائے ایسے مریضوں کا ریکاڈ بھی لازمی رکھنا چاہئے۔ اگر آپ سمجھتے ہوں کہ مرض ایسا ہے کہ جس میں مریض کو کسی سینیئر یا کسی دوسرے قابل ڈاکٹر سے مشورہ کرنا چاہئے تو آپ مریض کو فوراً دوسرے ڈاکٹر کی طرف ریفر کر دیں۔

مریضوں کا ریکارڈ

کیمپ میں شامل تمام مریضوں کا ریکارڈ بھی ایک رجسٹر پر درج کرتے رہنا چاہئے اس رجسٹر میں کم از کم پانچ کالم یوں بنائیں کہ پہلا کالم حوالہ نمبر کا ہو دوسرا نام مریض، تیسرا عمر، چوتھا مرض کی تفصیل اور پانچواں تجویز کردہ ادویہ و دورانیہ کا ہو زیادہ بہتر ریکارڈ بنانے کے لئے آپ مزید کالم بھی بنا سکتے ہیں۔

ہر مریض کو دیکھنے کے بعد اس کا حوالہ نمبر ایک پرچی پر ضرور لکھ دیں تا کہ اگلے کیمپ پر مریض وہ پرچی آپ کو دکھائے اس طرح آپ رجسٹر سے معلوم کر سکیں گے کہ پہلے کس تاریخ کو مریض کی کیا حالت تھی اور اب کیا ہے کونسی ادویہ یہ مریض استعمال کرتا رہا ہے۔

ادویہ پر نشان

گاؤں یا دیہات میں اکثر ایک ہی گھرانے سے کئی مریض آجاتے ہیں شوہر، بیوی بچے سب دوا لے رہے ہوتے ہیں تو ضروری ہے کہ ادویہ کی پڑیوں اور شیشیوں پر واضح امتیازی نشان لگا دیں تا کہ ہر مریض کی دوا کی علیحدہ پہچان رہے ایک بہتر طریقہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ساتھ ہی ساتھ دوا پر اس کے مریض کا نام لکھ دیں یا نام کا پہلا ہندسہ یا حرف لکھ دیں۔

ضروری طبی آلات کی فراہمی

معیاری میڈیکل کیمپ میں چند ضروری طبی آلات بھی موجود ہونے چاہئیں۔ مثلاً تھرمامیٹر، سٹیتھوسکوپ، بلڈ پریشر ماپنے کا آلہ خاکسار کا ذاتی مشاہدہ ہے کہ اس طرح غریب یا نادار اور ہر مریض نفسیاتی طور پر بھی خوب مطمئن ہوتا ہے اور تسلی پاتا ہے

(باقی صفحہ 6 پر)

حضرت امام جماعت رابع کی شہرہ آفاق کتاب ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل کی روشنی میں

ہومیوپیتھی طریقہ علاج اور قریبی دواؤں میں مابہ الامتیاز

اہم اور معروف بیماریوں میں استعمال ہونے والی ہومیوادویات کا آپس میں تعلق اور حیرت انگیز موازنہ

قسط دوم آخر

ہومیوڈاکٹر پروفیسر محمد اسلم سجاد صاحب

چائے اور کافی سے تکالیف

فلورک ایسڈ۔سلفر

''فلورک ایسڈ میں ......رات کے وقت بستر میں تکلیفیں بڑھ جاتی ہیں۔تپش محسوس ہوتی ہے۔نتیجۃً مریض ٹھنڈے پانی کے چھینٹے مارتا ہے۔سلفر میں گرمی کے احساس کے باوجود مریض پانی سے متنفر ہوتا ہے لیکن فلورک ایسڈ والے مریض کو ٹھنڈا پانی پسند ہوتا ہے۔......فلورک ایسڈ کی ایک علامت اسے......سلفر سے ممتاز کردیتی ہے یعنی فلورک ایسڈ کے مریض چائے اور کافی سے بہت جلد اثر قبول کرتے ہیں اور یہ مشروب ان کے مزاج کے موافق ثابت نہیں ہوتے۔ ان کی نیند اڑ جاتی ہے یا دوسری تکلیفیں شروع ہوجاتی ہیں۔'' (صفحہ:390)

دوسرے لوگوں سے اونچا سمجھنا

فاسفورس۔پلاٹینم

''فاسفورس میں ...... پلاٹینم کی بعض علامتیں بھی ......موجود ہوسکتی ہیں۔ یعنی اپنے آپ کو دوسرے لوگوں سے الگ کرلینا اور بہت اونچا سمجھنا۔ یہ علامت بعض دفعہ فاسفورس کے مریض میں بھی پائی جاتی ہے۔ مگر شاذ کے طور پر۔ وہ اپنے مزاج کے صاف ستھرا ہونے کی وجہ سے بھی علیحدگی پسند ہوجاتا ہے لیکن اس میں تکبر نہیں پایا جاتا جبکہ پلاٹینم کے مریض میں تکبر بہت ہوتا ہے اور اسے یہ وہم ہوتا ہے کہ گویا وہ آسمان سے اترا ہوا ہے۔ ہر ایک کو نیچی نظر سے دیکھتا ہے جبکہ فاسفورس کا مریض بہت ہمدرد اور نرم مزاج رکھتا ہے۔ مزاج کی نفاست کی وجہ سے اس میں غیر معمولی زود حسی پیدا ہوجاتی ہے جو کئی بیماریوں کا موجب بھی بن جاتی ہے۔بعض دفعہ جب اکیلا ہو تو اس پر موت کا خوف طاری ہوجاتا ہے۔ دماغ میں ہیجانی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے جسم میں کوئی چیز رینگتی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔'' (صفحہ:653,652)

اگزیما

ڈلکامارا۔میزریم

''ڈلکامارا میں سر پر کھرنڈ بن جاتے ہیں جن سے رطوبت بہتی ہے۔ یہ علامت (Mezereum) میں بھی پائی جاتی ہے۔لیکن میزریم میں اگزیما کے اوپر جھلی سی بن جاتی ہے جس میں پیپ اور شدید بو پائی جاتی ہے۔ ڈلکامارا میں یہ علامات زیادہ شدید نہیں ہوتیں۔'' (صفحہ:365)

اگزیما

کروٹن ٹگلیم۔رسٹاکس

''کروٹن اور رسٹاکس میں ایک فرق یہ ہے کہ رسٹاکس میں جب ایک جگہ سے اگزیما ختم ہوجائے تو وہاں صحت مند جلد نکل آتی ہے۔ اگلی دفعہ اگزیما ہونے پر دوبارہ وہاں چھالے نہیں بنتے۔ بعدازاں کسی وقت اگزیما کا نیا حملہ ہو تو سابقہ ماؤف جگہ پر بھی ہو سکتا ہے لیکن کروٹن میں اسی جگہ جہاں جلد صحت یاب ہوچکی ہو دوبارہ چھالے نکل آتے ہیں اور بہت ضدی اور چمٹ جانے والا اگزیما بن جاتا ہے۔'' (صفحہ:337)

آلات تناسل کے اگزیمے

کروٹن۔رسٹاکس

''بعض دوائیں ایسی ہیں جن کا آلات تناسل کے اگزیموں سے تعلق ہوتا ہے۔ کروٹن ان میں سرفہرست شمار ہونی چاہئے۔......کروٹن کے چھالے رسٹاکس سے چھوٹے ہوتے ہیں اور پانی بھی رسٹاکس کے مقابلے میں کم بہتا ہے......رسٹاکس میں اسہال کی علامتیں نہیں ملتیں۔'' (صفحہ:338)

بال کمزور اور بے جان

فلورک ایسڈ۔نیٹرم میور

''فلورک ایسڈ میں بال بہت کمزور اور بے جان ہوجاتے ہیں اور کناروں سے پھٹ جاتے ہیں۔ نیٹرم میور میں تمام سر پر اثر پڑتا ہے لیکن فلورک ایسڈ میں سر پر کہیں کہیں بال کمزور ہوتے ہیں۔ اور کہیں بالکل صحتمند نظر آتے ہیں۔ یہ پہچان فلورک ایسڈ کو واضح طور پر دوسری ملتی جلتی دواؤں سے ممتاز کردیتی ہے۔ اس لئے ایسی باتوں پر نظر رکھنی چاہئے کیونکہ بعض دفعہ ایسی علامات کی وجہ سے ایک ایسی دوا کی قطعی شناخت ہوجاتی ہے جو دوسری ملتی جلتی علامتیں دیکھنے سے ممکن نہیں ہوتی۔ ہوشیاری سے تاک میں لگے رہنا چاہئے کہ کوئی ایسی علامت مل جائے جو کسی دوا کی قطعی نشاندہی کردے پھر باقی تمام بیماریوں کو وہ خود ہی سنبھال لیتی ہے، لمبی چوڑی تفتیش کی ضرورت نہیں پڑتی۔'' (صفحہ:391)

بچوں کا دیر سے چلنا

بوریکس۔نیٹرم میور۔کالی فاس

''ٹانگوں کی کمزوری اور دیر سے چلنے کی علامت بوریکس اور نیٹرم میور میں بھی پائی جاتی ہے۔ نیٹرم میور میں دو کمزوریاں اکٹھی ہوتی ہیں۔ مریض صرف چلنے میں ہی نہیں بلکہ بولنے میں بھی دیر کرتا ہے۔ اگر مریض چلنے میں تو دیر نہ کرے مگر محض بولنا دیر سے سیکھے تو ایسے مریض کے لئے کالی فاس بہت بہتر دوا ہے۔ میرا تجربہ ہے کہ کالی فاس 6x نیٹرم میور سے ملا کر دینا دیر سے چلنے اور بولنے والے بچوں کے لئے بہت مفید نسخہ ہے۔'' (صفحہ:126)

بچے کا دیر سے چلنا اور بولنا

کلکیریا کارب۔برائیٹا کارب۔نیٹرم میور

''اگر کوئی بچہ ٹانگوں میں کمزوری کی وجہ سے دیر سے چلنا سیکھے تو کلکیریا کارب اس کا علاج ہے۔ اگر بچہ دیر سے بولنا شروع کرے تو برائیٹا کارب بہترین ہے۔ جہاں یہ دونوں علامتیں پائی جائیں تو نیٹرم میور مفید ہوگی۔'' (صفحہ:193)

بخار

جلسیمیم۔ایکونائٹ۔بیلاڈونا

''جلسیمیم ......کسی حد تک ایکونائٹ اور بیلاڈونا سے مشابہ ہے لیکن ان کی نسبت اس میں بیماری بڑھنے کی رفتار قدرے کم ہوتی ہے۔ سر کی طرف دوران خون اور درد، منہ کا خشک کا ہوجانا ایسی علامتیں ہیں جو ایکونائٹ، بیلاڈونا اور جلسیمیم میں مشترک ہیں لیکن ایکونائٹ میں تپش اور تمتماہٹ پائی جاتی ہے جبکہ جلسیمیم میں تپش نہیں ہوتی۔ یہ مزاج کے لحاظ سے ٹھنڈی دوا ہے۔ اس میں منہ کی خشکی کے باوجود پیاس نہیں ہوتی۔ سردی لگتے ہی فوراً بیماری کے اثرات ظاہر نہیں ہوتے بلکہ دو تین دن کے بعد علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ اگر بچے کو سردی لگنے سے کچھ عرصہ کے بعد بخار ہو تو جلسیمیم دینی چاہئے لیکن اگر سردی لگتے ہی برا حال ہوجائے تو ایکونائٹ اور بیلاڈونا ملا کر دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔'' (صفحہ:395)

وقت سے پہلے بڑھاپا

ارجنٹم میٹیلیکم۔سارسپریلا۔چینینم آرس

''ارجنٹم میٹیلیکم میں وقت سے بہت پہلے بڑھاپے کے آثار ظاہر ہوتے ہیں۔ بیس پچیس سال کی عمر میں ہی منہ جھریوں سے بھر جاتا ہے۔ وقت سے پہلے ظاہر ہونے والے بڑھاپے میں سارسپریلا چوٹی کی دوا ہے۔ چینینم آرس (Chininum Ars) میں بھی وقت سے پہلے آنے والا بڑھاپا نمایاں ہوتا ہے مگر چینینم آرس کا بے وقت بڑھاپا لمبی اور گہری بیماریوں کا نتیجہ ہوتا ہے۔ جگر اور تلی جواب دے جاتے ہیں۔ سارسپریلا میں جلد سکڑ کر بالکل چرمرہو جاتی ہے۔'' (صفحہ:76)

بستر میں گرم ہونے پر تکالیف

سلفر۔مرکری

''سلفر کے مریض جب تک چلتے پھرتے رہیں ٹھیک رہتے ہیں لیکن جونہی بستر میں لیٹ کر گرم ہوں ان کی بہت سی بیماریاں عود کر آتی ہیں۔ یہ بات سلفر کے علاوہ مرکری میں بھی پائی جاتی ہے اور ان دونوں کے بنیادی مزاج میں داخل ہے۔ گرمی اور سردی دونوں کے مضر ہونے کے لحاظ سے یہ دونوں دوائیں مشابہت رکھتی ہیں لیکن بعض ایسی علامات بھی ہیں جو ان دونوں میں تمیز کردیتی ہیں۔ مثلاً سلفر کے مریض کا منہ عموماً معتدل یا خشک ہوتا ہے لیکن مرکری کے مریض کا منہ لعاب سے بھرا رہتا ہے۔ سلفر کی بو انسان کے عام اخراجات کی بو جیسی ہوتی ہے خواہ کتنی سخت ہی

کیوں نہ ہو۔اس کے اخراجات جلد کو چھیلتے ہیں۔ عورتوں کے لیکوریا میں بھی جو مرکری یا سلفر کی مریضائیں ہوں یہی علامت پائی جاتی ہے۔'' (صفحہ:780)

بھوک لگنا
سورائینم ۔سلفر

''سورائینم میں مریض ہر وقت بھوکا رہتا ہے خصوصاً رات کو بہت بھوک لگتی ہے اور یہ عجیب علامت ہے کہ رات کے پچھلے پہر محض بھوک سے آنکھ کھل جاتی ہے۔کھانا کھانے سے مریض کی تکلیف میں کمی ہو جاتی ہے۔سلفر کے مریض کو رات کو اور صبح کو بھوک محسوس نہیں ہوتی لیکن دن چڑھنے کے بعد گیارہ بجے کے قریب معدہ میں شدید کھرچن کے ساتھ بھوک کا احساس ہوتا ہے۔'' (صفحہ:684,683)

بہت بھوک لگنا
آیوڈیم ۔سورائینم

''آیوڈم کے مریض کی ایک خاص پہچان یہ ہے کہ اسے بھوک بہت لگتی ہے۔ہر بیماری میں بھوک بے چین رکھتی ہے اور بھوک کے دوران بیماری میں اضافہ ہو جاتا ہے۔سورائینم میں بھی بھوک اور بیماری کا باہمی تعلق ہے لیکن سورائینم میں بھوک خصوصاً رات کے وقت چمکتی ہے اور اس کا مریض عموماً ٹھنڈا ہوتا ہے اس لئے ان دونوں دواؤں میں فرق کرنا مشکل نہیں ہے۔'' (صفحہ:471)

بے چینی
آرسینک ۔رسٹاکس

''آرسینک جو علامات پیدا کرتا ہے ان میں بے چینی سب سے نمایاں ہے۔ایسی بے چینی اگر جسمانی ہو تو رسٹاکس اور ذہنی ہو تو آرسینک دوا ہے۔'' (صفحہ:93)

بے چینی اور بے قراری
کیڈمیم سلف ۔آرسینک

''کیڈمیم سلف میں بے چینی اور بے قراری نمایاں ہوتی ہیں۔اس لحاظ سے یہ آرسینک سے مشابہ دوا ہے لیکن آرسینک کے مریض کے مزاج کا ایک پہلو کیڈمیم سلف کے بالکل برعکس ہوتا ہے۔آرسینک کا مریض اپنی روزمرہ زندگی میں کوئی بھی بے ترتیبی برداشت نہیں کرتا۔ہر چیز قرینہ سے رکھتا ہے اور محنت سے بھی نہیں گھبراتا جبکہ کیڈمیم سلف کا مریض سلفر کے مریض کی طرح سست ہوتا ہے اور اس کی چیزوں میں بے ترتیبی ملتی ہے۔'' (صفحہ:181)

بے چینی اور جلن
سیکیل کورنیٹم ۔آرسینک

''سیکیل......میں...... آرسنک کی طرح بہت بے چینی اور جلن محسوس ہوتی ہے۔لیکن ایک فرق نمایاں ہے۔سیکیل میں اندرونی طور پر گرمی محسوس ہوتی ہے۔لیکن باہر سے جسم ٹھنڈا رہتا ہے۔بسا اوقات پاؤں سخت ٹھنڈے ہوتے ہیں لیکن گرمی کا احساس پھر بھی ہوتا ہے اور مریض بستر سے پاؤں باہر نکالتا ہے۔ ہاتھ پاؤں برف کی طرح ٹھنڈے ہوں گے لیکن مریض کہے گا کہ آگ لگی ہوئی ہے۔جبکہ آرسنک کا مریض اندرونی طور پر سخت جلن محسوس کرتا ہے لیکن اس کے بدن کا ٹھنڈا ہونا ضروری نہیں ہے۔اسے گرمی سے فائدہ ہوتا ہے۔وہ جسم ڈھانک کر رکھتا ہے اور سردی محسوس کرتا ہے خواہ جسم گرم ہی کیوں نہ ہو ٹکور سے بھی اسے فائدہ ہوتا ہے یعنی جلن کو جلن سے ہی آرام آتا ہے۔سیکیل کے مریض کو گرمی کی بجائے ٹھنڈ سے فائدہ پہنچتا ہے۔موسم سخت ٹھنڈا بھی ہو تو گرمی محسوس کرتا ہے۔'' (صفحہ:736,735)

پاگل پن
ٹیوبرکولینم

''ایک اور بات یاد رکھنی چاہئے کہ سل اور آتشک (Syphilis) دونوں کے مریض بیماری بڑھنے پر پاگل بھی ہو جاتے ہیں مگر دونوں کے پاگل پن میں فرق ہوتا ہے۔سل کے مریض عموماً سر میں شدید درد کے دوروں اور سینے کے اندرونی زخموں کی تاب نہ لا کر پاگل ہو جاتے ہیں۔سفلس کے مریض کا سارا جسم زخموں اور ناسوروں سے بھر جاتا ہے جو ہڈیاں بھی گلا دیتے ہیں۔ناک کی ہڈی گل کر بالکل بیٹھ جاتی ہے۔

(باقی صفحہ 4 پر)

(بقیہ صفحہ 4)

ہومیو پیتھک ڈاکٹرز بھی ان آلات کا استعمال کر سکتے ہیں۔اس طریق کو استعمال کریں گے تو آپ کے مریضوں کی تعداد بھی بڑھنی شروع ہو گی۔

باقاعدگی

معیاری میڈیکل کیمپ وہی ہوتا ہے جس میں ایک ڈاکٹر ایک ہی علاقے میں مستقل یا لمبے عرصہ تک اور ایک مناسب وقفے اور باقاعدگی سے کیمپ لگاتا رہے یہ ڈاکٹر اور مریض دونوں کے لئے بہتر ہوتا ہے۔ ڈاکٹر کے لئے اس طرح کہ اسے ایک ہی علاقے میں دوبارہ جانے سے علم ہو جاتا ہے کہ اس کی تجویز کردہ ادویہ سے شفا کی شرح کیا رہی ہے اور مریض کے لئے اس طرح کہ اس کا ہر ہفتہ یا ہر ماہ باقاعدگی سے طبی معائنہ اور وہ بھی ایک ہی ڈاکٹر کے ذریعے سے ہوتا ہے تو اس کی صحت بھی مضبوط سے مضبوط ہوتی رہتی ہے۔اور بڑی امراض آہستہ آہستہ پیدا ہونے والی امراض کا بھی بروقت اور جلد وقت پر علاج ہوتے رہنے سے قلع قمع ہوتا رہتا ہے۔

ماخوذ

سورج کے گرد 30 سال میں ایک چکر مکمل کرنے والا

زحل سیارہ اور اس کی تسخیر

بنیادی طور پر ستارے ان اجسام کو کہا جاتا ہے جو اپنی روشنی خود پیدا کرتے ہیں، مثلاً سورج، ہماری کائنات میں سورج سے کئی گنا بڑے سورج موجود ہیں۔وہ اجسام جو دوسروں کی روشنی میں چمکتے ہیں ''سیارے'' کہلاتے ہیں۔ہماری زمین بھی ایک سیارہ ہے۔ہم جس نظام میں رہتے ہیں اسے نظام شمسی کہتے ہیں، سورج اس نظام کا سربراہ ہے۔زمین سمیت کل نو سیارے اس کے گرد گردش کرتے ہیں۔عطارد اور زہرہ کے بعد زمین سورج سے بہ لحاظ فاصلہ تیسرے نمبر پر ہے۔تاحال ہماری زمین کے سوا کہیں زندگی کے آثار نہیں ملے ہیں۔آجکل یہ کوشش ہو رہی ہے کہ بقیہ سیاروں پر اگر کسی زمانے میں، کسی بھی قسم کی زندگی کے آثار ہوں تو انہیں دریافت کیا جائے۔یہی وجہ ہے کہ زندگی کی تلاش کے لئے دو خلائی جہاز اسپرٹ (Spirit) اور اپرچونٹی (Opportunity) اس سال ماہ جنوری میں ہمارے قریبی سیارے مریخ کی سطح پر اترے۔ان کی بدولت آئے دن نئی نئی خبریں سننے کو ملتی ہیں لیکن اب تک نہیں معلوم ہو سکا کہ پانی، جو زندگی کا منبع تصور کیا جاتا ہے۔اب بھی مریخ پر موجود ہے یا نہیں۔ممکن ہے مریخ کی سطح کی گہرائی میں پانی موجود ہو یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا۔ایک مشن سیارہ زحل کی تسخیر کا ہے۔یہ سیارہ مشتری کے بعد واقع ہے۔اس کی انفرادیت اس کے حلقے ہیں جو اس کے گرد موجود ہیں۔

اس کا سورج کے گرد ایک چکر تقریباً 30 سال میں تکمیل پاتا ہے۔گلیلیو نے سب سے پہلے 1610ء میں اسے دریافت کیا، مگر وہ اس کے گرد حلقوں کے بارے میں کچھ نہ بتا سکا۔اس کی دوربین اسے حلقوں کا راز نہ سمجھا سکی۔یہ راز راز ہی رہا، جب تک پائینیر دوم 1979ء میں اس کے قریب سے نہ گزرا۔ہزاروں تصویریں کھینچی گئیں۔کئی قوانین و نظریات تبدیل کئے گئے۔باقی کسر وائیجر اول اور دوم نے پوری کر دی، اب ہم زحل کے بارے میں بہت کچھ جانتے ہیں۔مثلاً اس کی کمیت اور حجم زمین سے کہیں زیادہ ہے۔وہاں چھتر فی صد ہائیڈروجن اور چوبیس اعشاریہ ننانوے فیصد ہیلیم گیس ہے، جبکہ انتہائی کم مقدار میں امونیا، میتھین اور پانی وغیرہ موجود ہے۔اس کی کثافت اضافی اعشاریہ سات ہے جو پانی سے کم ہے، یعنی اگر ہم اتنا وسیع سمندر لا سکیں جس میں زحل کو ڈبویا جا سکے تو وہ ڈوبے گا نہیں بلکہ پانی کی سطح پر تیرنے لگے گا، ہے نا عجیب بات......

زحل کے اکتیس چھوٹے بڑے چاند ہیں، کہیں آپ اکتیس چاندوں کے تصور سے پریشان تو نہیں ہو گئے؟ اگر ایسا ہے تو سنئے، اس کے قریبی سیارے مشتری کے باسٹھ چاند ہیں۔باسٹھواں چاند جنوری 2004ء میں دریافت ہوا۔

زحل کے سب سے بڑے چاند ٹائی ٹین (Titan) پر پائے جانے والے نامیاتی مرکبات، جن کے بارے میں نظریہ ہے کہ وہ زمین پر زندگی کی پیدائش کا سبب بنے ہیں، وہاں وافر مقدار میں ہیں۔خصوصاً سادہ ہائیڈروکاربنز وغیرہ۔یہ چاند، نظام شمسی میں نیپچون کے چاند ٹرائی ٹون (Triton) سے ان معنی میں مماثل ہے کہ وہاں بھی ٹائی ٹین کی طرح اپنا کرہ ہے۔یعنی ان کی سطح سے کچھ اوپر گیسوں نے پورے چاند کو گھیر رکھا ہے۔جیسا کہ ہماری زمین پر بھی ہے، یہ دونوں نظام شمسی کے ایسے چاند ہیں جن کے اپنے کرے ہیں۔

دوسری اہم ترین خصوصیت زحل کے حلقے ہیں جو دراصل مختلف قسم کے پتھروں کے ٹکڑے ہیں جن کا سائز چند سینٹی میٹر سے لے کر کچھ کلومیٹر تک ہے۔وہ سب اپنے اپنے مدار میں زحل کے گرد آزادانہ گھوم رہے ہیں۔ان کی گردش سے یہ خوبصورت حلقے وجود میں آئے ہیں۔جب آپ مریخ سے آگے مشتری کی طرف بڑھتے ہیں تو آپ کو لاتعداد چھوٹے بڑے پتھر خلا میں تیرتے نظر آتے ہیں۔یہ سلسلہ مشتری تک ہی نہیں بلکہ زحل کے قریب بھی دکھائی دیتا ہے لیکن یہاں تعداد وہ نہیں ہوتی جو پہلے تھی۔یہ وہی ٹکڑے ہیں جن کے کچھ ساتھیوں نے زحل کو گھیرا ہوا ہے۔

حقیقت چاہے زندگی کے راز پانے کی ہو یا حلقوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کی۔امریکہ، یورپ اور اٹلی کی خلائی ایجنسیوں نے آپس کے اشتراک سے مشن کا آغاز کیا ہے۔اب ان کے ساتھ سترہ ممالک کے دو سو ساٹھ سائنس دان زحل کے راز جاننے کے لئے مصروف عمل ہیں۔

15 اکتوبر 1997ء کو فلوریڈا (امریکا) کے خلائی مرکز سے ایک خلائی جہاز روانہ کیا گیا جس نے پہلے سیارہ زہرہ کے بارے میں کچھ مفید معلومات فراہم کیں۔وہ 30 دسمبر 2000ء کو ہمارے نظام شمسی کے سب سے بڑے سیارے ٹارگٹ کی طرف روانہ ہوا۔گو کہ اس سے پہلے پائینیر دوم، وائجر اول و دوم زحل کے قریب سے گزرے تھے، مگر وہ زحل کے مدار میں داخل نہیں ہوئے تھے۔پروگرام کے مطابق کیسینی پہلے چھ مہینے زحل کے گرد و پیش کے رازوں سے پردہ اٹھائے گا پھر خود سے منسلک ایک چھوٹے خلائی جہاز ہائی جنز کو ٹائی ٹین کی سطح پر تحقیق کیلئے اتار دے گا۔

کچھ عرصہ میں کیسینی زحل کے چاندوں کی تصاویر ارسال کرنا شروع کر دے گا، کیونکہ اس کا سامنا سب سے پہلے چاندوں سے ہی پڑے گا۔جیسے جیسے وقت گزرتا جائے گا، اس عمل میں تیزی آنی شروع ہو جائے گی۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 50674 میں زوہیر فاروق باجوہ

ولد انس فاروق چوہدری قوم باجوہ پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گلبرگ III لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-6-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد زوہیر فاروق باجوہ گواہ شد نمبر 1 شیخ خرم نثار ولد شیخ نثار احمد لاہور گواہ شد نمبر 2 محمد مالک ولد چوہدری فتح علی لاہور

مسل نمبر 50675 میں فراست فاروق

زوجہ انس فاروق باجوہ قوم شیخ پیشہ خانہ داری عمر 53 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گلبرگ III لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 25-5-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر بذمہ خاوند -/20000 روپے۔ 2۔ زیور 55 تولے مالیتی -/128000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ فراست فاروق گواہ شد نمبر 1 شیخ خرم نثار لاہور گواہ شد نمبر 2 محمد مالک لاہور

مسل نمبر 50676 میں شاہدہ خالد

زوجہ خالد محمود قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 29-4-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 5 تولے 4 ماشہ اندازاً مالیتی -/48500 روپے۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/10000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ شاہدہ خالد گواہ شد نمبر 1 خالد محمود خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 شاہد رشید ولد رشید احمد لاہور

مسل نمبر 50677 میں سعید احمد وسیم

ولد محمد شریف قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گلشن راوی لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد سعید احمد وسیم گواہ شد نمبر 1 ارسلان مہدی ورک ولد چوہدری ارشاد احمد ورک لاہور گواہ شد نمبر 2 نعمان مہدی ورک ولد چوہدری ارشاد ورک

مسل نمبر 50678 میں رانا مبارز محمود

ولد رانا عبدالحمید قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نیو شالیمار کالونی لاہور بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد رانا مبارز محمود گواہ شد نمبر 1 رانا عبدالحمید والد الموصی گواہ شد نمبر 2 مبشر احمد ولد محمد اسحاق خان لاہور

مسل نمبر 50679 میں محمود رشید

ولد نسیم احمد قوم شیخ پیشہ طالب علم عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گلشن راوی لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 6-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمود رشید گواہ شد نمبر 1 ارسلان مہدی ورک لاہور گواہ شد نمبر 2 نعمان مہدی ورک لاہور

مسل نمبر 50680 میں ساجدہ انصر

زوجہ انصر ظہور بٹ قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لاہور کینٹ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 5-5-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 358 گرام اندازاً مالیتی -/250600 روپے۔ 2۔ حق مہر -/50000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ ساجدہ انصر گواہ شد نمبر 1 فہیم احمد فاروق وصیت نمبر 27638 گواہ شد نمبر 2 انصر ظہور بٹ خاوند موصیہ

مسل نمبر 50681 میں صبیحہ لئیق

